# فیئر فیکس کاؤنٹی خاندانی زندگی کی تعلیم
# علیحدگی کی درخواست کا فارم
# گریڈ سات: جذباتی اور معاشرتی صحت

اگر آپ اپنے بچے کو گریڈ سات کے خاندانی زندگی کی تعلیم کے کچھ اسباق سے یا تمام اسباق سے علیحدہ کرنا چاہتے ہیں تو براہِ مہربانی یہ فارم مکمل کریں اور **اسے اپنے طالبعلم کے صحت/ جسمانی تعلیم کے ٹیچرکوFLE کی ہدایات شروع ہونے سے پہلے واپس بھیج دیں۔** ان اسباق کے اغراض ومقاصد اور میڈیا کی صراحت کے متعلق اضافی معلومات FCPS ویب سائیٹ پر دستیاب ہیں۔ اسباق Schoology میں دستیاب ہیں۔

***براہِ مہربانی یاد رکھیئے: سوائے ایسی صورت کے کہ آپ نے اپنے طالبعلم کو ساتویں جماعت کی خاندانی تعلیم کے کچھ اسباق سے یا تمام اسباق سے علیحدہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے، آپ کو یہ فارم واپس کرنے کی ضرورت نہیں ہے***

**طالبعلم کا نام** ____________________ **صحت/ جسمانی تعلیم کے ٹیچر** ____________________

**ہدایات: براہِ مہربانی اُن اسباق پر نشان لگائیں جن میں آپ نہیں چاہتے کہ آپ کا طالبعلم شرکت کرے۔**

____ **سبق 1: مڈل اسکول کی تبدیلیاں**

طلباء مڈل اسکول کے سالوں کے دوران پیدا ہونے والی جسمانی، جذباتی، جنسی اور سماجی تبدیلیوں کی نشاندہی کریں گے۔

- اسکول سے متعلقہ تبدیلیوں اورمدد کے لئے وسائل پر بحث کی جاتی ہے
- نوجوان نشوونما پارہے ہیں اور جسمانی، معاشرتی، نفسیاتی، اور جنسی طور پر ترقی پذیر ہیں۔
- ہر کوئی تعصب اور امتیازی سلوک سے پاک ماحول کو فروغ دینے میں تبدیلیوں اور احترام ، شمولیتی زبان کے تجربہ سے گزررہا ہے۔
- جنسی رحجان کی اصطلاحات مخالف جنس پرستی، ہم جنس پرستی،اور دو جنس پرستی کی تعریفیں فراہم کی جائیں گی؛ اور صنفی شناخت کی اصطلاح مخنث۔

____ **سبق 2: دوستی**

طالب علم دوران بلوغت ہم عمر ساتھیوں کے ساتھ تعلقات میں تبدیلیوں کی شناخت کریں گے۔

- ہم عمر ساتھیوں کے ساتھ تعلقات اور دوستی پر دلچسپیوں کے تبدیل ہونے کے اثرات
- ہم عمر ساتھیوں کی طرف سے دباؤ اور دوستی میں تبدیلیوں اور نقصانات سے نمٹنا

____ **سبق 3: خاندانی تعلقات**

طالب علم تشریح کریں گے کہ کیسے بلوغت کی نشوو نما گھرانے کے ساتھ تعلقات پر اثر انداز ہوتی ہے اور گھرانے کے افراد سے موثر ابلاغ کے طریقوں پر عمل پیرا ہونے کی مشق کریں گے۔

- مضبوط خاندانوں کی خصوصیات ( وابستگی، ایک دوسرے کے ساتھ وقت، قدردانی، رابطہ، روحانی فلاح و بہبود، اور بحران سے نمٹنا)
- طلباء کے بدلتے ہوئے کردار اور ذمہ داریاں جیسے جیسے وہ زیادہ آزادی اور مراعات حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہیں

____ **سبق 4: انٹرنیٹ اور ٹیکنالوجی سیفٹی**

طلباء انٹر نیٹ سے متعلق تحفظ کے بارے میں جانیں گے۔

- شکاریوں کا انٹرنیٹ کا استعمال؛ عام تراکیب اور پھسلانا
- انسانی ( نوعر جنسی ملاپ) اغوا و فروخت
- ذاتی معلومات محفوظ رکھنے کی حکمت عملیاں اور کسی بالغ فرد سے مدد کی تلاش

____ **سبق 5: ایک مثبت ذاتی تاثر اور عزت نفس کی تعمیر**

طلباء مڈل اسکول کے سالوں کے دوران مثبت ذاتی تاثر، صحت مندانہ نشوونما، اور صحت مندانہ فیصلہ سازی کے درمیان رشتوں کو دریافت کریں گے۔

- ذاتی مضبوطی
- دوسروں کی عزت نفس بڑھانے میں انکی مدد اور حمائت کرنا
- مڈل اسکول کے سالوں کے دوران بہت سی تبدیلیوں سے نمٹنے کے لیئے مدد کی تلاش

____ **سبق 6: ٹیکنالوجی کا مناسب استعمال**

طلباء ٹیکنالوجی کے مناسب وغیر مناسب ذاتی اور سماجی استعمال کی پہچان کریں گے۔

- تعلیم، تعلقات اور سماجی روابط میں ٹیکنالوجی کا کردار
- آنے والی زندگی میں صحت، تعلیم اور کیریئر پر جنسی طور پرعریاں مواصلات کا حصہ بننے کے ممکنہ مجرمانہ نتائج
- جنسی طور پرعریاں مواصلات کو چائلڈ پورنوگرافی تصورکیا جاسکتا ہے۔
- غیر مناسب آن لائن مواصلات کا جواب دینے اور نمٹنے کی تدابیر

____________________ ____________________
**والد یا والدہ/سرپرست کے دستخط** **تاریخ**

**_فیئر فیکس کاؤنٹی خاندانی زندگی کی تعلیم_**
**علیحدگی کی درخواست کا فارم**
**گریڈ سات: انسانی جسم کی نشو ونما اور افزائش**
**_تمام اسباق کی تدریس لڑکے لڑکیوں کو علیحدہ علیحدہ دی جاتی ہے۔_**

اگر آپ اپنے بچے کو گریڈ سات کے خاندانی زندگی کی تعلیم کے کچھ اسباق سے یا تمام اسباق سے علیحدہ کرنا چاہتے ہیں تو براہِ مہربانی یہ فارم مکمل کریں اور **اسے اپنے طالبعلم کے صحت/ جسمانی تعلیم کے ٹیچرکوFLE کی ہدایات شروع ہونے سے پہلے واپس بھیج دیں۔** ان اسباق کے اغراض ومقاصد اور میڈیا کی صراحت کے متعلق اضافی معلومات FCPS ویب سائیٹ پر دستیاب ہیں۔ اسباق Schoology میں دستیاب ہیں۔

**_براہِ مہربانی یاد رکھیئے: سوائے ایسی صورت کے کہ آپ نے اپنے طالبعلم کو ساتویں جماعت کی خاندانی تعلیم کے کچھ اسباق سے یا تمام اسباق سے علیحدہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے، آپ کو یہ فارم واپس کرنے کی ضرورت نہیں ہے_**

**طالبعلم کا نام** ______________________________ **صحت/ جسمانی تعلیم کے ٹیچر**______________________________

**ہدایات: براہِ مہربانی اُن اسباق پر نشان لگائیں جن میں آپ نہیں چاہتے کہ آپ کا طالبعلم شرکت کرے۔**

____ **سبق 1: بلوغت کی تبدیلیاں**
طلباء دورانِ بلوغت رونما ہونے والی جسمانی اور جذباتی تبدیلیوں کا تجزیہ کریں گے۔
- دونوں مردوں اورعورتوں میں جسمانی اور جذباتی تبدیلیاں
- وہ تبدیلیاں جو صرف مردوں میں واقع ہوتی ہیں
- وہ تبدیلیاں جو صرف عورتوں میں واقع ہوتی ہیں

____ **سبق 2: تولیدی نظام**
طلباء مردوں اورعورتوں کے تولیدی نظام کے حصوں کی نشاندہی کریں گے اور تشریح کریں گے کہ کیسے دوران بلوغت ان اعضا کے افعال میں تبدیلیاں ہوتی ہیں۔
- مردوں اور عورتوں کے تولیدی نظام کا جسمانی ڈھانچہ
- حیض پر تبادلہ خیال کے دوران جنسی ملاپ اور بار آوری کا جائزہ لیا جائے گا۔
- بنیادی امینوریا سے متعارف کرایا جائے گا

____ **سبق 3: جنسی طور پر منتقل ہونے والے انفیکشنز**
طلباء جنسی ملاپ سے لگنے والے عام انفکشنز (STIs) کی فہرست تیار کریں گے اور ایسے طرز عمل کی نشاندہی کریں گےجن سے کسی فرد کو STIs لگنے کے خطرے کا خاتمہ کیا جاسکے۔
- بیکٹیریل جنسی بیماریاں - chlamydia, gonorrhea, syphilis or parasitic pubic lice
- وائرل جنسی بیماریاں - genital herpes, human papilloma virus [HPV], HIV/AIDS
- منتقلی، نشانیاں اور علامات، علاج، طویل اور قلیل المدتی نتائج اور بچاؤ
- جنسی ملاپ ( بشمول اورل سیکس) اور خون کی رگوں کے ذریعے منشیات لینا، ان دونوں طرح سے پرہیز کرنا ہی STIs کے خطرے سے بچنے کا واحد راستہ ہے۔

____ **سبق 4: پرہیز**
طلباء شادی سے پہلے جنسی سرگرمی سے پرہیز کے فوائد کی فہرست بنائیں گے اور اس پر تبادلہ خیال کریں گے
- جنسی پرہیز ایک صحت مندانہ انتخاب ہے
- تعلقات، علمی زندگی، مختصر اور دیرپا مقاصد، اور جسمانی، جذباتی، معاشرتی، مالی، اور روحانی صحت پر اثرات

______________________________ ______________________________
**والد یا والدہ/ سرپرست کے دستخط** **تاریخ**